کا رنگ دے کر انہوں نے جس سہل انداز سے امت کے سامنے پیش کیا ہے اس نے انہیں حدیث کے شیوخ میں ایک ممتاز مقام پر فائز کر دیا ہے زیر نظر شرح صحیح مسلم میں انہوں نے احادیث صحیح مسلم کو جہاں سہل اور آسان انداز میں بیان کیا ہے وہاں ان میں ادبی' چاشنی اور روانی کے ساتھ ساتھ ایک منجھے ہوئے مدرس کے درس کی نمایاں درسی خصوصیات بھی چھلکتی ہیں۔ علمائے دیو بند میں سے پہلی مرتبہ صحیح مسلم کی اتنی ضخیم (تقریباً ۴۰ جلدوں میں مکمل ہوگی) درسی شرح زیر تالیف ہے جسے ہر جگہ اساتذہ حدیث اور طالبانِ علوم حدیث پذیرائی بخش رہے ہیں۔ خدا کرے حقانی صاحب تحریر وتقریر اور تدریس کی دنیا سے اس طرح وابستہ رہیں اور ان کے قابل قدر کارنامے اسی نہج پر سامنے آتے رہیں۔ زیر تبصرہ شرح صحیح مسلم ج:۳ کی ضخامت ۵۸۰ رصفحات پر مشتمل ہے۔ جس میں ۷۳ احادیث کی شرح اور ایک سو پچاس (۱۵۰) رواۃ کا متصل تذکرہ آ گیا ہے۔ قیمت درج نہیں، القاسم اکیڈمی جامعہ ابو ہریرہ خالق آباد نوشہرہ خیبر پختونخواہ نے اس کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ کاغذ' طباعت اور جلد بندی معیاری ہے۔ برائے رابطہ: 0346-4010613......0301-3019928 (ابن مدنی)

## ● حیات شیخ زبیرؒ..........مولانا زین العابدین، مولانا انیس احمد مظاہری

کاندھلہ ہندوستان کا وہ عظیم الشان قصبہ ہے جس نے اس صدی میں علم و فضل، دعوت و تبلیغ، تحقیق و تصنیف، تصوف وارشاد کی وجہ سے بین الاقوامی شہرت پائی۔ اس خاندان میں مولانا الٰہی بخش کاندھلویؒ، مولانا محمد یحیٰ کاندھلویؒ، مولانا محمد الیاس کاندھلویؒ، مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ اور مولانا انعام کاندھلویؒ وغیرہ جیسے اساطین علم اور جامعین شریعت وطریقت پیدا کئے۔ اسی قافلہ عزیمت کے آخری شہسوار جناب حضرت مولانا زبیر الحسن کاندھلویؒ تھے، جو قریبی عرصہ میں انتقال فرما گئے۔

مولانا زبیر صاحب مدرسہ کاشف علوم دہلی کے شیخ الحدیث، اور دعوت وتبلیغ کی تحریک کے اہم ذمہ دار اور مرکزی شخصیت تھے۔ زیر تبصرہ کتاب ''حیات شیخ زبیرؒ'' ان کے آثار وافکار، تبلیغی جہدِ مسلسل، افادات وملفوظات اور ان کی وفات پر لکھنے والے تعزیتی مضامین ومقالات، تاثرات، مکتوبات اور منظوم خراج عقیدت کا مجموعہ ہے۔ جس کو مولانا سید زین العابدین صاحب اور مولانا انیس احمد مظاہری بن پیر طریقت حاجی صغیر احمد صاحب نے انتہائی جانفشانی کیساتھ مرتب کیا ہے جبکہ کتاب پر ہندوستان کے نامور عالم دین شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی کے علمی جانشین مولانا سید محمد شاہد سہارنپوری نے نظر ثانی کی ہے۔ آٹھ ابواب پر مشتمل یہ تاریخی دستاویز دعوت تبلیغ کی تاریخ، فکری پس منظر اور اکابر کاندھلہ کی جدوجہد کو سمجھنے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ ۷۰۰ سے زائد صفحات پر مشتمل یہ عظیم مجموعہ مکتبہ حبیبیہ رشیدیہ اردو بازار لاہور سے 0332-4377502 سے مناسب قیمت میں دستیاب ہے۔ (اسرار ابن مدنی)